(6 pages)

DECEMBER 2023 **U/ID 33278/ULF3A**

Time : Three hours Maximum : 75 marks

SECTION A – (10 × 2 = 20 marks)

نوٹ : کوئی دس سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔

ایک یا دو جملوں میں جواب دیجئے۔

۱۔ اردو زبان کا پہلا صاحب دیوان شاعر کون ہے؟

۲۔ اردو زبان کو ابتداء میں کن کن ناموں سے پکارا گیا؟

۳۔ لفظ ''اردو'' کس زبان سے ماخوذ ہے؟

۴۔ ''خدائے سخن'' کس شاعر کو کہا جاتا ہے؟

۵۔ رباعی میں کل کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟

۶۔ اردو کا تعلق لسانیات کے کس خاندان سے ہے؟

۷۔ ''سب رس'' کس کی تصنیف ہے؟

۸۔ ایک شعر میں کل کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟

۹۔ غالب کا پورا نام کیا ہے؟

۱۰۔ کسی دو نظم نویس شعراء کے نام لکھئے۔

۱۱۔ کسی دو مرثیہ گو شاعروں کے نام لکھئے۔

۱۲۔ پریم چند کے کسی دو ناولوں کے نام لکھئے۔

SECTION B – (5 × 5 = 25 marks)

نوٹ : ذیل کے کسی پانچ سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔ ہر سوال کا جواب دو سو الفاظ سے کم نہ ہو۔

۱۳۔ قطب شاہی دور کی شاعری پر اظہار خیال کیجئے۔

۱۴۔ ولی دکنی کی شاعری پر ایک نوٹ لکھئے۔

۱۵۔ نظیر اکبر آبادی کے کلام پر اظہار خیال کیجئے۔

۱۶۔ فورٹ ولیم کالج کی اردو نثر کے لئے خدمات کا احاطہ کیجئے۔

۱۷۔ علامہ اقبال کی شاعری پر ایک اختصاریہ لکھئے۔

۱۸۔ اردو میں ڈرامہ نویسی کا جائزہ لیجئے۔

۱۹۔ پریم چند کی ناول نگاری پر اختصاریہ لکھئے۔

SECTION C – (3 × 10 = 30 marks)

نوٹ : کوئی تین سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔

ہر جواب پانچ سو الفاظ سے کم نہ ہو۔

۲۰۔ اردو زبان کے آغاز و ابتداء کا جائزہ لیجئے۔

۲۱۔ میر تقی میر کے دور کی غزلیہ شاعر کی خصوصیات کا جائزہ لیجئے۔

۲۲۔ اردو میں افسانہ نگاری کی تاریخ کا اجمال پیش کیجئے۔

۲۳۔ اردو میں مضمون نگاری کی روایات کا اجمالی جائزہ پیش کیجئے۔

۲۴۔ ذیل کے عناوین میں سے کسی ایک پر سیر حاصل مضمون لکھئے۔

(الف) عالمی امن میں ہندوستان کا حصہ

(ب) اردو زبان کا مستقبل

(ج) ہاکی کا کھیل
